ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((313

مورخہ 06.06.2023

## بہاولپور (            ) ڈی پی او سید محمد عباس کے پریکٹیکل پولیسنگ کے حوالے سے احکامات، سی آئی سٹاف اور تھانہ کینٹ کی مشترکہ کارروائی، چوری شدہ 10 موٹرسائیکل برآمد۔موٹرسائیکل چور گینگ کے 02 کارندے گرفتار، ایسی مزید کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی اور عوام کا لوٹا ہوا مال ہر صورت واپس کروایا جائے گا۔ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی طرف سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری مہم کے تحت ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی کمانڈ میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے پولیس پریکٹیکل ورک پر زور دیا اور عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنے کے لیے احکامات جاری کیے، اسی سلسلے کو جاری رکھتے ہوئے سی آئی سٹاف اور تھانہ کینٹ پولیس نے مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چور گینگ کے 02 کارندے محمد تیمور اور محمد شکیل گرفتار کر کے چوری شدہ 10 موٹر سائیکل برآمد کر لئے۔گرفتار ملزمان تھانہ کینٹ سمیت شہر کے مختلف علاقوں میں چوری کی وارداتوں میں ملوث تھے۔ برآمد شدہ موٹر سائیکل اصل مالکان کے حوالے کر دیے۔ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ بہاولپور پولیس بھر پور کوشش کرتے ہوئے اس بات کو یقینی بنا رہی ہے کہ عوام کا لوٹا ہوا مال ہر صورت مالکان تک پہنچایا جائے تاکہ شہر میں امن کی فضا برقرار رہے اور عوام کا پولیس پر اعتماد قائم رہے۔مستقبل میں ایسی مزید کارروائیاں کی جا کر جرائم پیشہ افراد کو ان کے منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا۔ڈی پی او نے بہترین کارکردگی پر سول لائنز پولیس کو شاباش دی۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: ڈی پی او سید محمد عباس کے احکامات پر سی آئی سٹاف اور تھانہ کینٹ کی مشترکہ کارروائی کے دوران موٹر سائیکل چور گینگ کے 02 کارندے گرفتار، چوری شدہ 10 موٹر سائیکل برآمد۔

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (314)

مورخہ 06/06/2023

# بہاولپور( )ڈی پی او سید محمد عباس کے پریکٹیکل پولیسنگ کے حوالے سے احکامات، تھانہ صدر حاصلپور کی کامیاب کارروائی، چوری شدہ 29 بکرے/بکریاں برآمد، ملزمان گرفتار۔جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائیگا۔ڈی پی او سید محمد عباس

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی طرف سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری مہم کے تحت ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی کمانڈ میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے پولیس پریکٹیکل ورک پر زور دیا اور عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کرنے کے لیے احکامات جاری کیے، اسی سلسلے کو جاری رکھتے ہوئے تھانہ صدر حاصلپور پولیس کی جانب سے کامیاب کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔صدر حاصلپور پولیس نے مویشی چور گینگ کے تین کارندے گرفتار کر لئے۔گرفتار ملزمان میں راشد، وقاص اور وقار شامل ہیں، ملزمان تحصیل عارف والا اور حاصلپور کے رہائشی ہیں۔پولیس نے گرفتار ملزمان سے چوری شدہ 29 بکرے/بکریاں برآمد کر کے اصل مالکان کے حوالے کر دیں۔ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر لیے گئے، گرفتار ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے۔ملزمان تھانہ صدر حاصلپور کے مختلف علاقوں میں چوری کی وارداتوں میں ملوث تھے۔ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ بہاولپور پولیس بھرپور کوشش کرتے ہوئے اس بات کو یقینی بنا رہی ہے کہ عوام کا لوٹا ہوا مال ہر صورت مالکان تک پہنچایا جائے گا۔مویشی چوری روکنے کیلئے مزید بہتر اقدامات اٹھا رہے ہیں تاکہ شہر میں امن کی فضا برقرار رہے اور عوام کا پولیس پر اعتماد قائم رہے۔مستقبل میں ایسی مزید کارروائیاں کی جا کر جرائم پیشہ افراد کو ان کے منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا۔ڈی پی او نے بہترین کارکردگی پر صدر حاصلپور پولیس کو شاباش دی۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: تھانہ صدر حاصلپور کی کامیاب کارروائی، چوری شدہ 29 بکرے/بکریاں برآمد، ملزمان گرفتار